جولائی 2022	B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر	II Semester دوسرا سمسٹر

پرچہ : اردو کی تدریس - II

Paper : B9ED211DST : Pedagogy of Urdu - II

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks	Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

(i) ان میں سے کون سا افسانہ سعادت حسن منٹو کا ہے

(a) گرم کوٹ (b) ٹھنڈا گوشت (c) لکڑی کا پل (d) چوتھی کا جوڑا

(ii) ''اردو دکن میں پیدا ہوئی'' یہ کس کا نظریہ ہے

(a) محمد حسین آزاد (b) مسعود حسین خاں (c) محی الدین قادری زور (d) حافظ محمود شیرانی

(iii) آپ کے مطابق منصوبہ سبق کا پہلا مرحلہ کون سا ہونا چاہئے۔

(a) پیش کش (b) تمہید (c) اعلانِ سبق (d) بلند خوانی

(iv) آئین ہند کی کس دفعہ کے تحت اقلیتوں کو اپنی پسند کا تعلیمی ادارہ قائم کرنے کا حق دیا گیا ہے۔

(v) ہندوستان کے کس صوبے میں قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کا صدر دفتر ہے۔

(vi) ذیل میں کون سا لفظ اسم مادہ ہے۔

(a) پانی (b) اسکول (c) گھر (d) تاج محل

(vii) نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں، لیکن　　　بہت بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے۔

(viii) دہلی سے شائع ہونے والا سب سے پہلا اردو اخبار کا نام بتائیے۔

(ix) اردو زبان کی ترویج و ترقی کے لئے ان میں سے کون سا ادارہ سب سے قدیم ہے۔

(a) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (b) این سی پی یو ایل (c) دارالترجمہ (d) انجمن ترقی اردو ہند

(x) 'دریائے لطافت' کیا ہے

(a) قواعد کی کتاب (b) افسانہ (c) ناول (d) داستان

حصہ دوم

2. اردو زبان کے تدریسی مقاصد کی وضاحت کیجیے۔

3. زبان کی بنیادی مہارتوں سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ مختصراً بیان کیجیے۔

4. یونٹ پلان اور سالانہ پلان کی وضاحت کرتے ہوئے ان میں فرق بتائیے۔

5. اردو زبان کی ترویج وترقی میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

6. پیمائش اور جانچ کی افادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے ان میں فرق واضح کیجیے۔

7. اردو نصاب کی تدوین کے عام اصول بیان کیجیے۔

8. معیاری درسی کتاب کی ظاہری و باطنی خوبیوں پر بحث کیجیے۔

9. خرد تدریس سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔اس کے مختلف مراحل کی وضاحت کیجیے۔

حصہ سوم

10. بلوم کی تعلیمی درجہ بندی پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

11. درجہ آٹھ کی درسی کتاب سے کسی نظم کی تدریس کے لئے منصوبہ سبق کا خاکہ پیش کیجیے۔

12 درسی وتدریسی معاون اشیا اور آلات کی افادیت بتاتے ہوئے ان کے مختلف اقسام سے بحث کیجیے۔

13 مسلسل اور جامع جانچ کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اس کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالئے۔

14 ایک مؤثر معلم کے اوصاف بیان کرتے ہوئے اردو معلم کی خصوصیات پر بحث کیجیے۔

☆☆☆